## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا جماعت اہل سنت کراچی کے امیر شاہ تراب الحق قادری کی علالت پر اظہار تشویش
## عوام وکارکنان شاہ ترب الحق کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور دعائیں کریں، جناب الطاف حسین کی اپیل

لندن:۔۔۔9،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے جماعت اہل سنت کراچی کے امیر علامہ شاہ تراب الحق قادری کی علالت پر تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحتیابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں، نوجوانوں اور کارکنان سے اپیل کی ہے کہ وہ شاہ تراب الحق قادری کی صحتیابی کیلئے اللہ تعالیٰ کے حضور خصوصی دعائیں۔واضح رہے شاہ تراب الحق قادری ان دنوں شدید علیل ہیں اور مقامی اسپتال میں زیر علاج ہیں۔

## پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو''بھگوان شری کرشنا'' کے جنم دن پر جناب الطاف حسین کی مبارکباد
## ایم کیوایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے، جناب الطاف حسین

لندن:۔۔۔9،اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ہندو برادری کو''بھگوان شری کرشنا'' کے جنم دن پر مبارکباد پیش کی ہے۔ایک بیان جناب الطاف حسین کہا کہ ایم کیوایم مذہبی رواداری پر یقین رکھتی ہے۔انہوں نے ہند برادری کو انکے''بھگوان شری کرشنا'' کے جنم دن پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے امید ظاہر کی کہ ہندو برادری اپنی عبادت میں ملک کی بقاء وسلامتی، ترقی، فلاح و بہبود، عوام کی خوشحالی، امن وامان کی بحالی کیلئے دعائیں کریں۔

## بھتہ وپرچی مافیا پاکستان کے خلاف بدترین سازش کررہے ایم کیوایم یہ سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی، وفد
## ہمیں ایم کیوایم پر فخر ہے کہ ایسے نازک وقت میں اگرکوئی جماعت ہمارے پاس آئی تو وہ صرف ایم کیوایم ہی ہے، فیڈریشن آف پاکستان چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر وارا کین، ایم کیوایم کے وفد کی فیڈریشن آف پاکستان چمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کے صدر وارا کین سے ملاقات

کراچی:۔۔۔9اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن ڈاکٹر صغیر احمد، حق پرست صوبائی وزیر عبدالرؤف صدیقی، سینیٹر عبدالحسیب، صوبائی مشیر خواجہ اظہار الحسن اور معروف بزنس مین ارشد وہرہ پر مشتمل پانچ رکنی کمیٹی نے وفد کی شکل میں فیڈریشن آف پاکستان چمبر اینڈ انڈسٹری کے صدر حاجی فضل قدیر خان وارا کین سے فیڈریشن ہاؤس کراچی میں ملاقات کی اور انہیں قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام پہنچایا۔ملاقات میں ان سے کراچی کی صورتحال پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا اور ملک خصوصاً کراچی میں امن وامان کی تیزی سے بگڑتی ہوئی بدامنی کی صورتحال کوکنٹرول کرنے کیلئے مختلف تجاویز اور جناب الطاف حسین کی جانب سے اعلان کردہ متحدہ تحفظ بزنس فورم کے حوالے آراء لی۔ملاقات میں فیڈریشن آف پاکستان کے نائب صدر اقبال داؤد پاک والا، معروف صنعت کار ایس ایم منیر، حاجی شفیق اور فیڈریشن کے دیگر ارا کین بھی موجود تھے۔ فیڈریشن کے ذمہ داران سے ڈاکٹر صغیر احمد، عبدالرؤف صدیقی، عبدالحسیب، خواجہ اظہار الحسن نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بھتہ وپرچی مافیا پاکستان کے خلاف بدترین سازش کررہے ایم کیوایم یہ سازش کسی صورت کامیاب نہیں ہونے دے گی اور کراچی کے تاجروں کومکمل تحفظ فراہم کرنے کیلئے جناب الطاف حسین نے اپنے ایک لاکھ کارکنان کی خدمات تاجر اور صنعتکاروں کو پیش کرنے کا اعلان کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ اگر تاجر ہماری تجویز کو بہتر سمجھتے ہیں تو ایم کیوایم کی خدمات صنعتکاروں اور تاجروں کیلئے ہمہ وقت حاضر ہیں۔اس موقع پر فیڈریشن کی جانب سے صدر حاجی فضل قدیر خان، نائب صدر اقبال داؤد، ایس ایم منیر، حاجی شفیق اور دیگر نے اپنے خیالات اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ہمیں ایم کیوایم پر فخر ہے کہ ایسے نازک وقت میں اگرکوئی جماعت ہمارے پاس آئی تو وہ صرف ایم کیوایم ہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک کی مجموعی صورتحال کا جائزہ لینے سے معلوم ہوتا ہے کہ کہیں بھی حکومتی رٹ موجود نہیں، حکومتی اداروں کی سرپرستی کے بغیر یہ دہشت گرد اور بھتہ مافیا کچھ نہیں کرسکتے ان دہشت گردوں کوضرور کسی کی سرپرستی حاصل ہے۔ یہ بھتہ مافیا تاجر برادری کو کھلے عام گولیاں بھیج رہے ہیں جس کی وجہ سے بہت سی انڈسٹریاں بند ہوچکی ہیں ایک سازش کے تحت ملک کے معاشی حالات خراب کیئے جارہے ہیں تاکہ ملک کو تباہ کیا جاسکے۔آخر میں تاجر برادری نے ایم کیوایم کے وفد کی فیڈریشن ہاؤس آمد کا خیر مقدم کیا اوران کا شکریہ ادا کیا۔

## کراچی تنظیمی کمیٹی کے تحت ''کل کراچی مقابلہ حسن قرآت ونعت'' میں پوزیشنیں حاصل کرنے والے نوجوان قاری ونعت خواں کے درمیان فائنل مقابلے کا انعقاد، مقابلۂ قرات ونعت میں اول پوزیشنیں قاری عمران عالم اور جنید چشتی جبکہ دوسری اور تیسری پوزیشنیں قاری فراز علی، سلمان سہروردی جبکہ تیسری پوزیشنیں عنصر سمیر اور فرحان قاری نے حاصل کیں، محفل قرات ونعت خوانی مقابلہ میں ججز کے فرائض ملکی وبین الاقوامی شہرت یافتہ ثناء ونعت خواں حضرات نے انجام دیئے۔ معززین مہمانان گرامی اور شرکاء کرام کیلئے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے سحری کا اہتمام

کراچی۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے تحت گزشتہ شب ''کل کراچی مقابلہ حسن قرآت ونعت'' میں پوزیشنیں حاصل کرنے والے نوجوان قاری ونعت خواں طلبہ وطالبات کے درمیان فائنل مقابلے کا انعقاد کیا گیا جس میں گزشتہ محافل میں پوزیشنیں حاصل کرنے والے 10 قاری اور 10 نعت خواں طلبہ وطالبات نے حصہ لیا اور اپنی خوبصورت آواز میں نعت وحمد وثناء خوانی کرکے رنگ ونور کی محفل میں سماں باندھ دیا اور شرکاء سے سبحان اللہ، ماشاء اللہ کی گونج میں بھرپور داد وصول کی۔ محفل حسن قرات ونعت خوانی میں ججز کے فرائض بین الاقوامی شہرت یافتہ ثناء ونعت خواں حضرات فصیح الدین سہروردی، الحاج صدیق اسماعیل، قاری وحید ظفر قاسمی، قاری غلام حسن الحسنی، قاری محمد حسن رضوی، حافظ قاری نعمان طاہر، حافظ قاری عبدالمصطفیٰ جمیل راٹھور، طاہر سلطانی اور محمد ناصر یامین پر مشتمل پینل نے انجام دیئے جبکہ معروف مذہبی اسکالر علامہ ڈاکٹر فضل احمد، نعت خواں الحاج اویس رضا قادری، ، الحاج عمران شیخ عطاری، شوکت اویسی، قوال امجد فرید صابری، علامہ سید اظہر، الحاج اعجاز خالق قادری اویسی، صبیح الدین صبیح الرحمانی اور دیگر معززین نے خصوصی شرکت کی جبکہ رنگ ونور کی محفل میں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار واراکین وسیم آفتاب، رضا ہارون، ڈاکٹر صغیر احمد، نیک محمد، واسع جلیل، سیف یار خان، کراچی تنظیمی کمیٹی کے انچارج حماد صدیقی ودیگر اراکین، حق پرست منتخب عوامی نمائندوں نے میزبانی کے فرائض انجام دیئے۔ اس موقع پر ایم کیوایم کے شعبہ جات وونگز کے ارکان، کراچی کے مختلف سیکٹرز ویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔ اس پرنور محفل میں مختلف مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام، معززین شہر اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کے علاوہ بزرگوں، نوجوانوں، بچوں اور خواتین نے ہزاروں کی تعداد میں شرکت کی۔ حسن قرات ونعت خوانی کے فائنل مقابلے کے سلسلے میں ایم کیوایم کی جانب سے حنیف محمد کرکٹ گراؤنڈ کچھی میمن فیملی پارک بالمقابل داؤد پبلک اسکول نزد خاتون پاکستان گرلز کالج بہادرآباد میں غیر معمولی انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں حنیف کرکٹ گراؤنڈ کو پنڈال کا درجہ دیکر اس میں سامنے کی جانب رنگ برنگی لائٹوں، سفید گمبتوں اور مہرابوں سے انتہائی خوبصورت ودیدہ زیب اسٹیج تیار کیا گیا تھا جس کے عقب میں ڈیجیٹل اسکرین نصب تھیں جبکہ پنڈال میں مختلف مقامات پر بھی ڈیجیٹل اسکرینیں نصب کی گئی تھیں جن پر محفل کی براہ راست ویڈیو کوریج دکھائی جارہی تھی۔ اسٹیج کے سامنے وسیع سبزازار میں شرکاء کیلئے فرشی نشستوں کا اہتمام کیا گیا تھا جہاں بزرگ، نوجوان، بچے اور خواتین اپنی فیملیوں کے ہمراہ براجمان تھیں۔ پنڈال اور اس کی جانب آنے والے تمام راستوں کو رنگ برنگی برقی قمقموں اور جھالروں سے انتہائی خوبصورتی سے سجایا گیا تھا جبکہ جدید آلات سے آراستہ ساؤنڈ سسٹم نصب کیا گیا جس کے باعث قرات ونعت خوانی کی آواز دور تک صاف اور واضح سنائی دے رہی تھیں۔ پنڈال اور اس گردونواح کے علاقے میں سیکورٹی کے خصوصی انتظامات کیے گئے تھے اور اس سلسلے میں پنڈال کے داخلی راستوں پر واک تھرو گیٹ نصب کئے گئے تھے جہاں ڈیوٹیوں پر مامور کمیونٹی وارڈن موجود تھے۔ محفل کا باقاعدہ آغاز قرآن پاک تلاوت سے ہوا۔ محفل حسن قرات ونعت خوانی میں نظامت کے فرائض رئیس احمد، جنید اقبال، محمد کاوش صدیقی اور شوکت اویسی نے انتہائی خوش اسلوبی سے انجام دیئے۔ محفل میں الحاج صدیق اسماعیل، فصیح الدین سہروردی، قاری وحید ظفر قاسمی، سید نا مولانا کرار نقوی اور قاری اویس رضا قادری نے اپنی مشہور نعتیں پڑھیں بعدازاں محفل سماں کا اہتمام کیا گیا جس میں امجد فرید صابری، فرید ایاز اور دیگر قوالوں نے قوالیاں اور رنگ پڑھیں جس کے بعد حافظ قاری عبدالمصطفیٰ جمیل راٹھور نے کل کراچی قرات ونعت خوانی مقابلے میں اول دوئم اور سوئم پوزیشن حاصل کرنے قاری نعت خواں نوجوانوں کے ناموں کا اعلان کیا، قرات میں اسپیشل پوزیشن عثمان غنی جبکہ پہلی پوزیشن قاری عمران عالم ولد محمد عالم، دوسری پوزیشن قاری فراز علی ولد ذوالفقار علی، سوئم پوزیشن عنصر سمیر ولد محمد حارث ایسی طرح نعت خوانی میں پہلی پوزیشن جنید چشتی ولد شوکت علی دوسری پوزیشن دوسری سلمان سہروردی، تیسری پوزیشن فرحان قاری نے حاصل کی جنہیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر ڈاکٹر محمد فاروق ستار معزز ججز نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے انعامات و اسناد تقسیم کیں۔ بعدازاں حافظ قاری عبدالمصطفیٰ جمیل راٹھور نے خشوع وخضوع کیساتھ ملک کی بقاء وسلامتی، ترقی وخوشحالی، دہشت گردی کے خاتمے، حق پرست شہداء مغفرت ،ان کے درجات کی بلندی، اسیروں کی رہائی، بیماروں کو شفاء، پریشان حالوں کی پریشانیوں کے خاتمے اور بے روزگاروں کو روزگار کی فراہمی سمیت قائد تحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر صحت وتندرستی کیلئے اجتماعی دعائیں کرائی جس کے بعد تمام معزز مہمانان گرامی اور شرکاء حضرات کیلئے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی جانب سے سحری کا اہتمام کیا گیا اور معزز مہمانان گرامی نے سحری کی۔

## ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے انچارج کاظم علی رضا نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو یونٹ کی تنظیم نو کا اعلان کردیا
## پاکستان میں مزدور خوشحال ہوں گے تو پاکستان بھی خوشحال ہوگا، کاظم علی رضا
## پاکستان کے فرسودہ اور ظالمانہ نظام میں غریب و متوسط طبقے کیلئے قائد تحریک امید کی ایک کرن ہیں، جوائنٹ انچارج لیبر ڈویژن

کراچی۔۔۔9اگست2012ء

ایم کیوایم کی لیبر ڈویژن کے انچارج کاظم علی رضا نے فیڈرل بورڈ آف ریونیو یونٹ کی تنظیم نو کا اعلان کردیا۔ یہ اعلان انہوں نے ایف بی آر، یونٹ تنظیم نو کے حوالے سے منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس کے دوران کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم لیبر ڈویژن کے اراکین اسد اعجاز، محمد صابر خان، ایف بی آر، یونٹ کے کارکنان، ہمدرد اور ادارے کے ملازمین کی بڑی تعداد موجود تھی۔انچارج لیبر ڈویژن کاظم رضا نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک نے ہمیشہ غریب اور مظلوم عوام کی بات کی ہے یہی وجہ ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ کا پیغام بہت تیزی کے ساتھ ملک کے کونے کونے میں پہنچ رہا ہے اور 98فیصد مظلوم عوام متحدہ قومی موومنٹ کے پرچم تلے متحد ہورہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان اس وقت تک ترقی نہیں کرسکتا جب تک پاکستان میں مزدوروں کو ان کے جائز حقوق میسر نہ ہوں ایم کیوایم ان کے غضب شدہ حقوق دلانے کی جدوجہد کررہی ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مزدور خوشحال ہونگے تو پاکستان بھی خوشحال ہوگا ملک ترقی کی نئی منازل طے کرے گا۔انہوں نے کہا کہ کارکنان اپنے آپ کو تحریکی سانچے میں ڈھالیں اور قائد تحریک کی تعلیمات پر مکمل طور ہر عمل پیراں ہیں۔اس موقع پر لیبر ڈویژن کے جوائنٹ انچارج ارشد انصاری اور اسد علی کاظمی نے کہا کہ پاکستان کے فرسودہ اور ظالمانہ نظام میں غریب و متوسط طبقے کیلئے قائد تحریک امید کی ایک کرن ہیں، گزشتہ 65سالوں سے ظالمانہ، وڈیرانہ اور جاگیردارانہ نظام نے پاکستان کی غریب عوام کو بدترین ظلم کی چکی میں پیسا جارہا ہے اور صرف قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شخصیت ہے کہ جنھوں نے اس ظلم کے خلاف آوازِ حق بلند کی نہ صرف آواز حق بلند کی بلکہ عملی طور سے بھی اس فرسودہ نظام کو ختم کرنے کی بھرپور کوششیں کیں۔

## اندرون سندھ کے شہر جیکب آباد کے رہائش پذیر ہندو برادری کے خاندانوں کی اغواء برائے تاوان اور بے گناہ افراد کے قتل عام کا نوٹس لیا جائے، رابطہ کمیٹی
## حکومت ہندو برادری کے جان و مال کا مکمل حفاظت کرے، رابطہ کمیٹی کا حکومت سے مطالبہ

کراچی:۔۔۔9،اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے اندرون سندھ کے شہر جیکب آباد میں ہندو برادری کے خاندانوں کی اغواء برائے تاوان اور قتل کی وارداتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور بڑھتی ہوئی وارداتوں کے باعث ہندو برادری کے لوگوں کی ہندوستان منتقلی پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ پاکستان میں موجود ہندو برادری سمیت تمام اقلیتوں کو برابری کے حقوق حاصل ہے اور ان کے اغواء برائے تاوان اور قتل کے واداتوں میں ملوث عناصر کسی قسم کے رعایت کے مستحق نہیں ہوسکتے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اغواء کاروں اور جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے اندرون سندھ کے شہر جیکب آباد کے علاقوں سے ہندو برداری کے لوگوں کی مسلسل اغواء اور تاوان کے واقعات میں روز بروز اضافہ ہوتا جارہا ہے جس سے اندرون سندھ جیکب آباد میں رہائش پذیر ہندو برادری عدم تحفظ کا شکار ہوکر رہ گئی ہے۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ اندرون سندھ جیکب آباد میں ہندو برداری کے لوگوں کے اغواء اور قتل کی وارداتوں پر قابو پایا جائے تاکہ انہیں جان و مال کا تحفظ فراہم کیا جائے۔ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم پاکستان راجہ پرویز اشرف، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک، گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد، وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا ہے کہ اندرون سندھ کے شہر جیکب آباد کے ہندو برادری کے افراد کا اغواء برائے تاوان قتل کی وارداتوں قتل سے تنگ آکر ہندوستان منتقلی کا نوٹس لیا جائے، اس طرح کے سنگین واقعات میں ملوث جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائی کرکے کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور ہندو برداری کے لوگوں کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیوایم کے سوگوار کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی:۔۔۔9،اگست2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی گڈاپ سیکٹر یونٹ دھنی بخش گوٹھ کے جوائنٹ انچارج عرض محمد مگسی کی اہلیہ محترمہ سونیا عرض، پی آئی بی جہانگیر روڈ سیکٹر کمیٹی کے رکن عارف نظام کی بھابھی محترمہ مہناس اور ایم کیوایم حیدرآباد زون سیکٹر ای یونٹ B-8 کے کارکن قمرالسلام کے والد طفیل قریشی کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی ک اظہار کرتے ہوئے دعا کی اللہ تعالیٰ مرحومین جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین)

## ملک کے خلاف ہونے والی عالمی سازشوں کے خلاف ہر محبّ وطن پاکستانی کو عملی طور پر اپنا کردار ادا کرنا چاہیے۔ایم کیوایم گوجرانوالہ زون

گوجرانوالہ۔۔۔۔9 اگست 2012ء

ایم کیوایم کے وفد نے ایڈووکیٹ سپریم کورٹ ،سنیئر نائب صدر پیپلز لائرفورم پاکستان خورشید احمد سوڈھی سے ملاقات کی وفد میں ممبر صوبائی تنظیمی کمیٹی پنجاب عبدالکریم ،زونل جوائنٹ انچارج عدنان حمید،سیکریڑی فنانس رانا افتخار احمد،سیکریڑی نشر و اشاعت رانا ساجد اور ممبر ضلعی کمیٹی رانا عبدالرحمٰن شامل تھے انہوں نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کے پیغام پر روشنی ڈالتے ہوئے کہا کہ جناب الطاف حسین نے پاکستان کی بقاء وسلامتی پر منڈلاتے خطرات سے قبل از وقت آگاہ کر کے محبّ وطن ہونے کا فرض ادا کیا ہے اب یہ ہر پاکستانی کی ذمہ داری ہے کہ وہ تمام ذاتی مفادات کو پس پشت ڈال کر ملکی مفادات کو فروغ دے اور اس سلسلہ کو دوسرے لوگوں تک بھی پہنچائیں اور ہر پاکستانی کو یہ باور کرایا جائے کہ پاکستان ہے تو ہم سب ہیں ہمارا جینا مرنا صرف اور صرف پاکستان کیلئے ہونا چاہیے انہوں نے مزید کہا کہ ہم اس بات پر غور وفکر کریں،اس کی تشہر کریں اور باقاعدہ تحریری شکل میں اپنی آراء ہر ذی شعور شخص تک پہنچائیں تاکہ ہر پاکستانی ملک کے خلاف ہونے والی عالمی سازشوں سے باخبر ہو سکے اور ان کے خلاف ہر محبّ وطن پاکستانی کو عملی طور پہ اپنا کردار بھی ادا کرنا چاہیے تاکہ آنے والے وقت میں پاکستان کو دشمن کی بری نگاہ سے بچایا جاسکے انہوں نے مزید کہا کہ بلوچوں کی ہر بات کو مان لیا جائے اور ان کو پاکستان پر راضی کیا جائے ان کے ساتھ ہونے والی ہر زیادتی کا ازالہ کیا جائے اور فوری طور پر ان سے بات کی جائے تاکہ پاکستان کی سلامتی کو یقینی بنایا جاسکے آخر میں خورشید احمد سوڈھی نے ایم کیوایم کے آنے والے وفد کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ میں ان ساری باتوں سے مکمل اتفاق کرتا ہوں۔

## متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر بالخصوص سندھ کے غریب ومظلوم عوام کی ترقی وخوشحالی کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے
## متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی کا مشترکہ بیان

حیدرآباد۔۔۔09اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ حیدرآباد کے زونل انچارج واراکین زونل کمیٹی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں ایک ایسے نظام کو قائم کرنا چاہتی ہے جسمیں لوگوں کو بلاامتیاز رنگ ونسل زبان اور مذہب برابر کے حقوق حاصل ہوں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر کے غریب و پسے ہوئے عوام کے مسائل کو حل کرنے اور انکے حقوق انکی دہلیز پر فراہم کرنے کا عزم کئے ہوئے ہے۔انہوں نے کہا کہ اللہ تعالیٰ نے قائد تحریک جناب الطاف حسین کی شکل میں اس ملک کے باشندوں کو ایک سچا رہبر ورہنما عطا کردیا ہے جس کی سچی قیادت کی بدولت اس ملک کے مظلوم عوام بہت جلد اپنی منزل حاصل کرلیگی۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر میں واحد جماعت ہے جس نے ۹۸ فیصد عوام کو ان کے بنیادی حقوق کی فراہمی کیلئے عملی جدوجہد کا آغاز کیا اور اسی طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کو اسمبلیوں میں بھیجا تاکہ عوامی مسائل کا خاتمہ ہو۔انہوں نے کہا کہ ہمارے ملک کی عوام گذشتہ 65 سالوں سے مسائل ومصائب کی چکی میں پس رہے ہیں مگر انہیں آج تک کسی نے انکے بنیادی حقوق فراہم نہیں کیے۔متحدہ قومی موومنٹ ملک بھر بالخصوص سندھ کے غریب ومظلوم عوام کی ترقی وخوشحالی کے ایجنڈے پر عمل پیرا ہے اور انکے مسائل کو حل کرنا حق پرست نمائندوں کی اولین ذمہ داری ہے اور یہی ایم کیوایم کی سیاست کا مقصد ہے۔

## جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کے مظلوم عوام میں سے تعلیم یافتہ، باصلاحیت ایماندار لوگوں کو ملک کے اعلیٰ ایوانوں میں بھیج کر فرسودہ نظام حکومت اور موروثی سیاست کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں ہیں

میرپورخاص۔۔۔09اگست 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ میرپورخاص زون کے انچارج فرید احمد خان نے مضافاتی یوسیز کے ذمہ دارے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک سے جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور کرپٹ موروثی سیاست کے مکمل خاتمہ کیلئے کوشاں ہیں۔اس موقع پر ارکان زونل کمیٹی عارف قائخانی محمود خان زئی اور محمد شاہد عباسی موجود تھے،انہوں نے کہا کہ جناب الطاف حسین نے غریب ومتوسط طبقہ کے مظلوم عوام میں سے تعلیم یافتہ، باصلاحیت ایماندار لوگوں کو ملک کے اعلی ایوانوں میں بھیج کر فرسودہ نظام حکومت اور موروثی سیاست کی بنیادیں ہلا کر رکھ دیں ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کے منتخب نمائندے غریب اور متوسط طبقے کے مظلوم ومحکوم عوام کی فلاح و بہبود اور ملک کی تعمیر وترقی کیلئے اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک میں رائج فرسودہ نظام حکومت اور موروثی سیاست کا خاتمہ صرف اور صرف عوامی انقلاب پر مبنی ہے اور ایم کیوایم ایک ایسی ہی انقلابی تحریک ہے جو پاکستان میں رائج جاگیردارانہ اور وڈیرانہ نظام کے خلاف برسرپیکار ہے،انہوں نے کہا کہ عوامی انقلاب پاکستان کے دروازے پر دستک دے رہا ہے اور آج ملک بھر کے غیور عوام جاگیردارانہ نظام سے نجات حاصل کرنے کی جدوجہد میں جناب الطاف حسین کی قیادت میں مصروف عمل ہیں۔

## مینارٹی موومنٹ آف پاکستان کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو خراج تحسین پیش کرنے کے لئے موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد ریلی پریس کلب سے شروع ہوکر شہر کی مختلف شاہراؤں سے گزرتی ہوئی نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں واقع ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس میں اختتام پذیر کرسچین و دیگر مذاہب سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد کی ریلی میں شرکت، ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے

لاہور۔۔۔9اگست2012

پاکستان مینارٹیز موومنٹ کی جانب سے متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کو پاکستان میں بسنے والے غیر مسلم کے حقوق کے لئے آواز بلند کرنے اور عملی جدوجہد کرنے پر خراج تحسین پیش کرنے کے لئے شاندار موٹر سائیکل ریلی کا انعقاد کیا گیا۔ پاکستان مینارٹیز موومنٹ کے چیئرمین سلیم گیبرئیل، سموئیل پیارا، کرامت الیاس چوہدری، بشپ سموئیل لال سمیت دیگر کرسچین رہنماؤں نے ریلی کی قیادت کی۔ ریلی پریس کلب لاہور سے شروع ہوکر نیو مسلم ٹاؤن لاہور میں واقع ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس لاہور میں اختتام پذیر ہوئی جہاں پر ایم کیو ایم لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر اور ڈسٹرکٹ لاہور کے انچارج ارشاد الحق چوہدری نے دیگر ذمہ داران و کارکنان کے ہمراہ ریلی کے شرکاء کا زبردست استقبال کیا اور پھولوں کی پتیاں نچھاور کیں۔ ریلی میں سینکڑوں موٹر سائیکل سواروں سمیت گھوڑوں کی بگھی بھی شامل تھی جس پر قائداعظم محمد علی جناح، الطاف حسین سمیت کرسچین رہنماؤں کی تصویریں آویزاں تھیں۔ ریلی کے شرکاء نے ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے بھی ڈالے اور الطاف حسین کے حق میں زبردست نعرے بازی کی۔ بعدازاں ایم کیو ایم پنجاب ہاؤس پر ملک وسیم کھوکھر و دیگر ذمہ داران نے میڈیا سے بات چیت بھی کی۔

☆☆☆☆☆